# پوسٹل بیلٹ پیپر

5 اکتوبر 2026 کو صبح 10:30 بجے پیچ لگژری ہوٹل، ایم ٹی خان روڈ، کراچی میں ہونے والے سالانہ اجلاسِ عام (اے جی ایم) کے خصوصی امور کے لیے بذریعہ ڈاک ووٹنگ کے لیے۔

یو اے این: 111-019-019 ویب سائٹ: www.isl.com.pk

## شیئر ہولڈر کی معلومات

| | |
|---|---|
| فولیو / سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | |
| شیئر ہولڈر / پروکسی ہولڈر کا نام | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| شیئرز کی تعداد | |
| شناختی کارڈ / پاسپورٹ نمبر (غیر ملکیوں کے لیے) (کاپی منسلک کریں) | |

## اضافی معلومات اور دستاویزات

(کارپوریٹ ادارے، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں)

| | |
|---|---|
| مجاز شخص کا نام: | |
| مجاز شخص کا شناختی کارڈ / پاسپورٹ نمبر (کاپی منسلک کریں): | |

**ایجنڈا آئٹم نمبر 5 کے لیے قرار داد — چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں سرمایہ کاری کی مجوزہ فروخت**

"قرار پایا کہ تمام متعلقہ قوانین، ضوابط اور ضروری قانونی منظوریوں کی تکمیل سے مشروط، کمپنی کو اس بات کا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی متعلقہ (ایسوسی ایٹڈ) کمپنی، چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ ("CECL") کی جانب سے حصص کی واپسی (دوبارہ خریدنے) کی پیشکش قبول کرے۔ اس پیشکش کے تحت، انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ ("ISL") کی ملکیت میں موجود CECL کے کل 4,845,000 (ارسٹھ لاکھ پچتالیس ہزارعام شیئرز (جن کی مالیت 10 روپے فی حصص ہے اور CECL کے کل ادا شدہ سرمایہ میں ISL کے مکمل 17 فیصد حصص کی نمائندگی کرتے ہیں، کو 72.24 روپے فی شیئر کی قیمت پر، کل 350,000,000 روپے (پینتیس کروڑ روپے) کے عوض واپس خریدا جائے گا۔"

"مزید قرار پایا کہ انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری، یا ان میں سے کسی کی بھی طرف سے نامزد کردہ فرد/افراد کو، کمپنی کی جانب سے مشترکہ اور انفرادی طور پر یہ اختیار اور اقتدار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد اور اس کے نفاذ کو مکمل کرنے کے لیے تمام ضروری، مناسب یا متعلقہ اقدامات کریں، دستاویزات کی توثیق و فراہمی کریں، اور تمام ضروری امور انجام دیں۔ اس اختیار میں (بغیر کسی حد کے) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP")، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ ("PSX") اور/یا کسی بھی دیگر ادارے میں تمام مطلوبہ درخواستیں، فائلنگز، جمع آوری اور انکشافات (ڈسکلوزرز) کرنا، نیز متعلقہ قوانین، ضوابط یا معاہدوں کے تحت درکار تمام قانونی، معاہدے (کنٹریکچوئل) یا فریق ثالث کی منظوری، رضامندی یا اجازت حاصل کرنا شامل ہیں۔

"مزید قرار پایا کہ مذکورہ بالا قراردادوں میں SECP یا کسی دیگر ریگولیٹری ادارے کی جانب سے تجویز کردہ، ہدایت کردہ یا درکار کسی بھی ترمیم، تبدیلی، اضافے یا حذف کو قبول کیا جائے گا، اور ایسی تبدیلیوں کو حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کی جانب سے دوبارہ نئی قراردادیں منظور کیے بغیر ہی ان خصوصی قراردادوں کا حصہ تصور کیا جائے گا، سوائے اس کے کہ وہ تبدیلیاں بنیادی یا انتہائی نوعیت کی ہوں۔"

## ووٹنگ کی ہدایات

1. برائے مہربانی متعلقہ خانے میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر اپنی رائے دیں۔
2. اگر دونوں خانوں میں ٹک (✓) کا نشان لگایا گیا، تو آپ کا ووٹ منسوخ تصور کیا جائے گا۔

میں/ہم اس قرار داد کے حق یا مخالفت میں نیچے دیے گئے متعلقہ خانے میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر اپنا ووٹ استعمال کرتے ہیں

| قرار داد | میں/ہم قرار داد کی حمایت کرتے ہیں | میں/ہم قرار داد کی مخالفت کرتے ہیں |
|---|---|---|
| ایجنڈا آئٹم نمبر 5 کے لیے قرار داد | ☐ | ☐ |

## اہم نکات / شرائط

1. مکمل پُر شدہ بیلٹ پیپر چیئرمین کے نام 101 بومونٹ پلازہ، 10 بومونٹ روڈ، کراچی - 75530 کے پتے پر بھیجا جائے یا investors@isl.com.pk پر ای میل کیا جائے۔
2. پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ (غیر ملکیوں کے لیے) کی کاپی منسلک کرنا لازمی ہے۔
3. بیلٹ پیپر 4 اکتوبر 2026 کو یا اس سے پہلے کے اوقاتِ کار کے دوران چیئرمین تک پہنچ جانا چاہیے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والے کسی بھی ووٹ کو شمار نہیں کیا جائے گا۔
4. بیلٹ پیپر پر کیے گئے دستخط، شناختی کارڈ یا پاسپورٹ والے دستخط سے مطابقت رکھنے چاہئیں۔
5. ادھورا، بغیر دستخط شدہ، غلط، خراب، پھٹا ہوا، یا دوبارہ اوپر لکھا ہوا فارم مسترد کر دیا جائے گا۔
6. کسی کمپنی، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں، فارم کے ساتھ مجاز شخص کے شناختی کارڈ کی کاپی، بورڈ کی قرار داد کی تصدیق شدہ کاپی، پاور آف اٹارنی یا اجازت نامہ منسلک کرنا لازمی ہے۔
7. یہ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.isl.com.pk پر بھی موجود ہے۔ شیئر ہولڈرز ویب سائٹ سے فارم ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبار میں شائع شدہ اصل/فوٹو کاپی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

شیئر ہولڈر / پروکسی ہولڈر / مجاز شخص کے دستخط
(کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، براہ کرم کمپنی کی مہر/اسٹیمپ لگائیں)

تاریخ ____________________

ISL